پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

29 نومبر، 2019

# ریزروبینک آف انڈیا نے کارپوریشن بینک پر مالی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے اپنے حکمنامہ مورخہ 29 نومبر، 2019 کے ذریعہ مالی جرمانہ روپئے 1.50 کروڑ کارپوریشن بینک (بینک) پر آر بی آئی کے ذریعہ کچھ تجاویز سے متعلق ہدایات مثلاً ''آمدنی کے تعین پر پروڈینشیل نارمس'' املاک کی درجہ بندی اور ''این پی اے اکاؤنٹس میں ایڈوانس ڈی ایڈوانس کی پہچان'' آمدنی کی پہچان، املاک کی درجہ بندی اور ایڈوانس میں پہچان کی تجویز کا ضابطہ'' پروڈینشیل ضابطہ کی درجہ بندی، بینکوں کے ذریعہ سرمایہ کاری کا پورٹ فولیو اور آپریشن کی اہمیت''، خطرہ میں پڑی معیشت کی املاک کو زندہ کرنے کا فریم ورک۔ عکس اور ڈھانچہ سازی'' فنڈس کا استعمال، نگرانی، بینکوں کے ذریعہ بلون پر رعایت/دوبارہ رعایت'' اور ریزروبینک آف انڈیا (جعلسازی کی درجہ بندی اور کمرشیل بینکوں اور سلیکٹ ایف آئی کے ذریعہ ان کی رپورٹنگ) ہدایات 2016''، پر عمل درآمد نہ کرنے کی وجہ سے یہ جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

جرمانہ کا اطلاق بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(1)(c) جس میں سیکشن 46(4)(i) اور 51(1) کو شامل کر کے پڑھا جائے کے تحت حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ریزروبینک نے کیا۔ یہ کارروائی ریگولیٹری میں عمل آوری میں تفریق کی بنیاد پر کی گئی ہے اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے بینک اور صارفین کے درمیان ہوئے، کسی ٹرانزکشن معاہدہ کی ویلیڈٹی پر اثر ڈالا جائے۔

## پس منظر

بینک کی مالی پوزیشن سے متعلق معائنہ 31 مارچ 2017 میں کیا گیا اور خطرہ تخمینہ رپورٹ (آر اے آر) میں جائزہ لیا گیا۔ معاملہ آر بی آئی کے ذریعہ جاری کردہ ہدایت پر عمل آوری نہ ہونے کا ہے۔ اس سلسلہ میں مزید ایک نوٹس بینک کو یہ مشورہ دیتے ہوئے جاری کیا گیا کہ وہ وجہ بتائے کہ کیوں نہ اس پر ہدایات پر عمل نہ کرنے کا الزام عائد کیا جائے۔ نوٹس پر بینک کے جواب پر غور کرنے، ذاتی سماعت زبانی وضاحت اور اضافی ثبوت کی جانچ کے بعد۔ آر بی آئی اس نتیجہ پر پہنچا کہ آر بی آئی کی ہدایت پر عمل نہیں کیا گیا ہے اور اس بینک پر مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2019-2020/1310